7182 ـ غیرمسلموں کے لیے علمی مراجع (ویڈیو اورآڈیوکیسٹیں ، کتابیں)

سوال

مجھے آپ کی طرف یہ خط لکھتے ہوئے بڑی خوشی محسوس ہورہی ہے جس کے ذریعہ میں آپ سے رائے اورتعاون چاہتا ہوں ۔
ہم جس شہر میں رہائش پزیر ہیں وہاں ہم نے " اسلامی معلومات کامرکز " کے نام سے ایک مشروع اورپروگرام کا آغاز کیا ہے ، اب ہم اس کے لیے افضل و مناسب مواد کی معلومات کے حصول کی کوششیں کررہے ہیں ۔
اس میں پہلاقدم اٹھاتے ہوئے ان معلومات کا حصول شروع ہوچکا ہے ، اوران شاءاللہ اس کے بعد ہم مواد کے مزید نسخے حاصل کرکے اپنے شہرکی عام لائبریریوں اور دوسری جگہوں میں تقسیم کریں گے ۔
ہمارے خیال میں یہ مواد مندرجہ ذیل اشیاء پرمشتمل ہونا چاہیے :
ایک یا دوکتابیں ، اور ایک یا دوآڈیو کیسٹیں ، ایک یا دو ویڈیوکیسٹیں ، تواب میرا سوال یہ ہے کہ :
آپ کی رائے میں غیر مسلموں کے لیے کون سی کتاب مناسب اورافضل رہے گی (کون سی دوکتابیں افضل ہوں گی) ؟
غیر مسلموں کے لیے کون سی آڈیوکیسٹ افضل ہوں گی ؟
کون سی ویڈیو کیسٹ غیر مسلموں کے لیے مناسب اورافضل ثابت ہوگی ؟
میرے خیال میں یہ مواد ایسا ہونا چاہیے کہ :
ا – مواد شوق پیدا کرنے والا ہو
ب – مواد مختصر ہو
ج – مواد بسیط اوراپنے موضوع میں بے جان نہ ہو
مندرجہ بالا سوالات کے جواب دینے پرمیں آپ کا شکرگزارہوں ۔

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اول :

ہم غیرمسلموں کے لیے جن کتابوں کی نصحیت کرتے ان مندرجہ ذیل کتب شامل ہیں :

1 ـ " كيف تدخل في الإسلام " آپ اسلام ميں كيسے داخل ہوں تاليف محمد بن سلمان الاشقر ـ

2 ـ " لاتحزن " غم نہ كريں ، تاليف شيخ عائض القرنى

دوم :

اوركيسٹوں كے بارہ ميں ہم يہ كہيں گہ :

1 ـ " دعوة للتامل " غوروفكر اورسوچ بچار كى دعوت ، شيخ عائض القرنى ـ

سوم :

اورويڈيوں كيسٹوں كے بارہ ميں ہمارى نصيحت ہے كہ :

1 ـ " انہ الحق " يقينى حق ، شيخ عبدالمجيد الزندانى

2 ـ " مناضرات احمد ديدات " احمدديدات كى مناظرے ـ

اللہ سبحانہ وتعالى آپ كواپنى رضامندى اورمحبت كے حصول والے كام كرنے كى توفيق دے ـ

واللہ اعلم .